10 فروری 2015ء

کارکنوں کی ترسیلات مالی سال 15ء کے پہلے سات ماہ میں 14.6 فیصد سے زائد نمو کے ساتھ 10.3 ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 15ء کے پہلے سات ماہ (جولائی تا جنوری) کے دوران 10,358.81 ملین ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 14ء کے اسی عرصہ میں بھجوائی گئی رقم 9,038.4 ملین ڈالر کے مقابلے میں 14.6 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

جنوری 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 1,377.14 ملین ڈالر رہیں جو دسمبر 2014ء کے مقابلے میں 13 فیصد کم ہیں اور جنوری 2014ء کے مقابلے میں 10 فیصد بلند ہیں۔ بلحاظ ممالک جنوری 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 452.81 ملین ڈالر، 246.79 ملین ڈالر، 186.15 ملین ڈالر، 169.44 ملین ڈالر، 160.44 ملین ڈالر، اور 65.45 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ جنوری 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 393.27 ملین ڈالر، 214.21 ملین ڈالر، 193.09 ملین ڈالر، 169.67 ملین ڈالر، 151.09 ملین ڈالر، اور 34.65 ملین ڈالر تھیں۔ جنوری 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 96.06 ملین ڈالر رہیں جبکہ جنوری 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 90 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆